سوال

(331) حالت حیض میں جماع کرنے کا کفارہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت نے حیض آنے کے تین روز بعد غسل کیا شوہر کے پوچھنے پر بیان کیا کہ میں پاک ہوگئی بعد ملاپ خون نظر آیا اس صورت میں اس گناہ پر کفارہ کیا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بحکم حدیث شریف ایک ورم یعنی آج کل کے حساب کے مطابق 4 کفارہ کافی ہوگا۔

شرفیہ

یہ کفارہ 4 یا نصف بعد انقطاع حیض نہیں بلکہ بحالت حیض ہے دم احمر میں دینار دم اصفر میں نصف دینار ابوداود ترمذی مشکوۃ ص 56۔) (ابو سعید شرف الدین دہلوی

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 324

محدث فتویٰ